نیشنل ٹی ٹونٹی: سندھ نے سدرن پنجاب کو پانچ وکٹوں سے ہرا دیا

راولپنڈی، 24 ستمبر 2021ء:

پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں جاری نیشنل ٹی ٹونٹی کے تیسرے میچ میں جی ایف ایس سندھ نے اے ٹی ایف سدرن پنجاب کو پانچ وکٹوں سے ہرا دیا ہے۔

سندھ نے 176 رنز کا ہدف چار گیندیں قبل 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ اوپنر خرم منظور کی 49 گیندوں پر 84 رنز کی عمدہ اننگز نے جیت میں اہم کردار ادا کیا۔ انہیں پلیئر آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔

مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں سندھ کا آغاز متاثر کن نہ تھا۔ اس کے دونوں اوپنرز محض 33 کے مجموعی اسکور پر پویلین واپس لوٹ چکے تھے۔ ایسے میں نیشنل ٹی ٹونٹی کی تاریخ کے سب سے کامیاب بیٹسمین خرم منظور میدان میں آئے اور ایک مرتبہ پھر شاندار بیٹنگ سے اپنی ٹیم کو فتح دلانے میں اہم کردار ادا کیا۔

انہوں نے کپتان سرفراز احمد کے ہمراہ تیسری وکٹ کے لیے پچاس رنز کی شراکت قائم کی۔ سرفراز احمد 15 اور حسن محسن 7 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

اختتامی اوورز میں انور علی اور دانش عزیز نے دھواں دھار بیٹنگ کرتے ہوئے سندھ کو فتح دلائی۔ انور علی نے 9 گیندوں پر 2 چھکوں اور 3 چوکوں کی بدولت ناٹ آؤٹ 29 اور دانش عزیز نے 11 گیندوں پر 3 چوکوں کی مدد سے ناٹ آؤٹ 17 رنز کی اننگز کھیلی۔

سدرن پنجاب کے نسیم شاہ، عامر یامین اور محمد الیاس نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

اس سے قبل سندھ نے ٹاس جیت کر سدرن پنجاب کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی تو ذیشان اشرف اور زین عباس نے اپنی ٹیم کو پاور پلے میں 59 رنز کا آغاز فراہم کیا۔ ذیشان اشرف چھ چوکوں اور ایک چھکے کی بدولت 34 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ زین عباس نے پانچ چوکوں کی مدد سے 25 رنز بنائے۔

دونوں اوپنرز کے پویلین واپس لوٹنے پر سدرن پنجاب کی بیٹنگ لائن کچھ لڑکھڑائی تو آل راؤنڈر عامر یامین نے 26 گیندوں پر چار چھکوں اور 2 چوکوں کی بدولت 43 رنز کی دھواں دھار اننگز کھیل کر ٹیم کا مجموعہ 170 کے پار پہنچادیا۔ انہیں محمد حسنین نے آؤٹ کیا۔

اس دوران کپتان صہیب مقصود 18، خوشدل شاہ 21، اعظم خان 20 اور حسان خان 4 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ سدرن پنجاب نے مقررہ بیس اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 175 رنز بنائے۔

سندھ کے محمد حسنین نے 2 جبکہ زاہد محمود، رومان رئیس، شاہنواز دھانی اور انور علی نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.